A

610

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം


## പാദവാർഷിക മൂല്യനിർണ്ണയം 2024 - 25

ക്ലാസ് : 6 ഉർദു സമയം : 2 മണിക്കൂർ

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിന് ഈ സമയം ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- തന്നിരിക്കുന്ന 6 പ്രവർത്തനങ്ങളിൽ 5 പ്രവർത്തനങ്ങൾക്ക് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.

سرگرمی ۱




ارجن اسکول سے تعلیمی سفر کے لیے چڑیا گھر (Zoo) دیکھنے گیا۔

وہاں کئی جانور اور پرندے ہیں۔

A بچّو، تصویر دیکھ کر جانور اور پرندوں کو الگ الگ لکھیے۔

| جانور | پرندہ |
|---|---|
| ........................... | ........................... |
| ........................... | ........................... |

B پسندیدہ ایک جانور یا پرندے کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی ۲

ارجن کے اسکول میں اونم کا پروگرام ہے۔ اونا سدیا کے لیے ارجن ترکاریاں لے کر اسکول جا رہا تھا۔ راستے میں پڑوسی موہن چاچا سے ملا۔ ٹوکری دیکھ کر موہن چاچا پوچھنے لگا۔

موہن چاچا : ارے ارجن، ٹوکری میں کیا ہے؟

ارجن : ٹوکری میں..........................................

موہن چاچا : ..........................................

بچّو، ارجن اور موہن چاچا کی گفتگو آگے بڑھایئے۔

## سرگرمی ۳

اسکول میں پوکّلم بناتے وقت ارجن اور اس کے دوست گیت گانے لگے۔

اونم کا دن آیا ہے خوشیوں کا دن لایا ہے
اونم کے گیت گاتے ہیں ہم سب مل کر گاتے ہیں
مہابلی کی یادوں میں اونم ہم مناتے ہیں
اونم کا دن آیا ہے خوشیوں کا دن لایا ہے

بچّو، گیت غور سے پڑھیے۔ سوالوں کے جواب لکھیے۔

A اونم کس کی یاد میں منایا جاتا ہے؟ (کسان، مہابلی، نہرو)

B اونم ہمارا قومی تہوار ہے۔ اونم کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی ۴

پوکّلم بنانے کے مقابلے میں ارجن اوّل آیا۔ اس خوشی میں وہ اپنے بھائی جان گوکُل کے نام خط لکھنے لگا۔



تانور

۲ر ستمبر ۲۰۲۴ء

پیارے بھائی جان ، آداب!

امید ہے کہ آپ خیر و عافیت سے ہوں گے۔ ہم بھی ٹھیک ہیں۔ آج میں اسکول کے پوکلم بنانے کے مقابلہ میں اوّل آیا۔ اسمبلی میں ہیڈ ماسٹر نے انعام دیا۔ میں بہت خوش ہوں۔

آپ کا پیارا بھائی

ارجن

A خط غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔


( کون، کہاں، کب، کیوں )

B بچّو، خط کون لاتا ہے؟ (ڈاکیا، ڈاکٹر، پولیس)

## سرگرمی ۵


کلاس میں ارجن ایک کہانی پڑھنے لگا۔

گاؤں کے پیڑ پر ایک کوّا رہتا تھا۔ جس کا نام کالو تھا۔ ایک دن کالو کو بہت پیاس لگی۔ اڑتے اڑتے میدان میں ایک گھڑا دیکھا جس میں تھوڑا سا پانی تھا۔ کالو چھوٹے چھوٹے پتھر گھڑے میں ڈالنے لگے۔ تب پانی اوپر آیا اور کالو پیاس بجھا کر اڑ گیا۔




1

.................................



2

.................................



3

.................................


بچّو، تصویر غور سے دیکھیے اور کہانی کے جملے چن کر مناسب تصویر کے نیچے لکھیے۔

B اس کہانی کے لیے مناسب عنوان لکھیے۔

## سرگرمی ٦

شام کو ارجن باغ دیکھنے گیا۔ خوشی سے گیت گانے لگا۔

آؤ سہیلی جھولا جھولیں
گیت خوشی کے مل کر گائیں
پھول کھلے ہیں رنگ برنگی
چمپا گیندا اور چمیلی



A بچّو، اس گیت میں کئی پھولوں کے نام ہیں۔
دو پھولوں کے نام چن کر لکھیے۔

B پسندیدہ ایک پھول کے بارے میں نوٹ لکھیے۔